**Inam/ Sadiq**

**10-06-2025**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. اسلم بیگ

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت کے دفاعی شعبے میں یکسر **تبدیلی** کو سراہا ہے، جس میں دفاعی ساز و سامان میں **جدید** کاری اور خودکفالت **پر** توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

☆ **مرکزی** وزیرِ تعلیم دھرمیندر **پردھان** نے سائنس کو، وِکست بھارت اور **انسانوں پر** مرکوز **ترقی** کے مطابق بنانے کی ضرورت **پر** زور **دیا** ہے۔

☆ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے ساحلی **کرناٹک** ، کیرالہ ، اڈیشہ ،**تمل** ناڈو اور شمال مشرقی **ریاستوں** میں الگ الگ جگہوں **پر شدید بارش** اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹا پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ **محکمے** نے آج شمال مغربی **بھارت** میں **شدید** گرمی کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور بھارت آج شام ہانگ **کانگ** میں **2027** کے **AFC** ایشین **کپ** کوالیفائر کے آخری **راؤنڈ** میں ، **ہانگ کانگ** سے مقابلہ کرے گا۔

.................................................................................

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**PM-Defence Sector**

**وزیراعظم** نریندر مودی نے **گزشتہ 11** سال میں بھارت کے دفاعی شعبے میں قابل قدر تبدیلیوں کو اُجاگر کیا ہے۔ **ایک** سوشل میڈیا **پوسٹ پر وزیراعظم** نے کہا کہ دفاعی سامان کی تیاری کے شعبے میں **جدید** طرز **پر** ڈھالنے اور خود **کفالت** حاصل کرنے، دونوں **پر** توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ یہ بہت خوش آئند پہلو ہے کہ **ملک** کے عوام نے کس طرح مل کر ملک کو مضبوط بنانے کی خاطر مشترکہ عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔×

**Education Minister Hydrabad**

تعلیم کے **مرکزی** وزیر دھرمیندر **پردھان** نے کہا ہے کہ سائنسدانوں، **جدت** طرازوں اور **پالیسی** سازوں کے لیے یہ **نہایت** ہی صحیح **وقت** ہے کہ وہ **ایک** ساتھ **آئیں** اور **سب** کی شمولیت والا اِ**یکو نظام** قائم کریں، جس سے کہ **سب** سے زیادہ کمزور افراد **بااختیار** بن
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

سکیں۔حیدرآباد میں نوجوان سائنسدانوں کی بین الاقوامی کانفرنس اور گلوبل ینگ اکیڈمی کی سالانہ جنرل میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے سائنسدانوں سے کہا کہ وہ ایک مقصد کے تحت اشتراک کریں۔

وزیر موصوف نے سائنس کو وِکست بھارت کے وژن اور انسانوں پر مرکوز ترقی کے ساتھ مربوط کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

**Byte. Dharmendra Pradhan**

جناب پردھان نے کہا کہ بین الاقوامی شمسی اتحاد، آفات سے نمٹنے کے بنیادی ڈھانچے کے لیے اتحاد، مشن لائف اور انڈیا سائنس اور ریسرچ فیلو شپ جیسے بھارت کے عالمی سائنسی روابط سے سائنس کے ذریعے **Vishwa Bandhutva** یعنی عالمی دوستی کے جذبے کی عکاسی ہوتی ہے۔**x**

**Rajnath Defence**

وزیردفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندرمودی کی قیادت کے تحت گزشتہ گیارہ برس میں بھارت کے دفاعی شعبے میں تاریخی تبدیلی آئی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب سنگھ نے کہا کہ وزیراعظم کے زیر قیادت سرحدیں مستحکم ہوئی ہیں اور مسلح افواج کو جدید طرز پر ڈھالا گیا ہے، اندرون ملک ہتھیار تیار کیے جارہے ہیں، دفاعی برآمدات اور عالمی اعتماد میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے، جس کے سبب یہ شعبہ خود کفالت کی جانب گامزن ہے۔**x**

**Nityanand NSG**

اُمور داخلہ کے وزیر مملکت نتیہ نند رائے نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت کسی بھی طرح کی دہشت گردانہ سرگرمیوں کو برداشت نہیں کرے گا اور دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے ٹھوس اقدامات کرتا رہے گا۔ پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کو ایک بزدلانہ حرکت قرار دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت نے آپریشن سندور کے تحت پاکستان کو سخت جواب دیا ہے اور دہشت گردوں کے خفیہ ٹھکانوں کو تباہ کردیا ہے۔ جناب رائے نے آج نئی دلّی میں قومی سیکورٹی گارڈ **NSG** کے **23** ویں بین الاقوامی سمینار کا افتتاح کیا۔ خودکفالت کی سمت میں حکومت کی کوششوں کا ذکر کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ وزیراعظم نریندرمودی کی قیادت کے تحت بھارت اپنی مسلح افواج کو اندرون ملک ہتھیار تیار کرکے جدید طرز پر ڈھالنے کے اقدامات کررہا ہے۔**x**

**Rev Goyal Switzeland**

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے، جو اس وقت سوئٹزرلینڈ کے دورے پر ہیں، بھارت–**EFTA** تجارت اور اقتصادی شراکت داری سمجھوتے پر بات چیت کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب گوئل نے کہا کہ اس سمجھوتے کے نتیجے میں بھارت اور سوئٹزرلینڈ کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کیلئے پیدا ہونے والے مواقع، شراکت داری اور اُبھرتے ہوئے شعبوں سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ آج دنیا بھارت کو نہ صرف سب سے زیادہ تیزی سے ترقی کرنے والی بڑی معیشت کے طور پر تسلیم کرتی ہے، بلکہ کاروبار کرنے کے لیے بہترین مقام بھی سمجھتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اب سرمایہ کاری کیلئے سب سے پسندیدہ مقام ہے۔

***Byte- Piyush Goyal***

اس سے پہلے وزیر موصوف نے کہا تھا کہ بھارت اور چار ملکوں پر مشتمل یوروپی بلاک **EFTA** کے درمیان آزاد تجارتی معاہدہ

ستمبر سے نافذ العمل ہوگا۔ یوروپی آزاد تجارتی ایسوسی ایشن یا EFTA آئس لینڈ، Liechtenstein، ناروے اور سوئٹزرلینڈ پر مشتمل ہے۔x

## Special Feature - 11 Year of Govt

ملک میں، پچھلے 10 سال میں سیوا، Sushasan اور غریب کلیان کے اصولوں کی بدولت نمایاں کایا پلٹ ہوئی ہے۔ آکاشوانی نیوز ، مختلف اہم شعبوں میں حکومت کی 11 سال سے جاری کوششوں پر ایک خصوصی فیچر پیش کررہا ہے۔ آج ہم دفاع میں خود کفالت پر توجہ اور بھارت کو ایک عالمی طاقت بنانے کے سفر کی بات کر رہے ہیں۔

بھارت نے پچھلی دہائی میں سکیورٹی سے متعلق اپنے طریقۂ کار میں پوری طرح تبدیلی کرتے ہوئے، اِس میں شفافیت ، اعتراف اور اعتماد پیدا کیا ہے۔ 2016 میں سرجیکل اسٹرائیک سے لے کر 2025 میں آپریشن سندور تک یہ پیغام واضح ہے کہ بھارت اپنی قومی سلامتی کو درپیش کسی بھی طرح کے خطرات کو ہرگز برداشت نہیں کرے گا۔ آپریشن سندور ، دہشت گردی کے تیئں بھارت کے جواب کی ، ایک یکسر تبدیلی لانے والی گھڑی تھی۔ نہایت احتیاط کے ساتھ کی گئی یہ کارروائی اور ایک مربوط مشن کے تحت سرحد کے پار دہشت گردوں کے 9 کیمپوں کو تباہ کیا گیا، جو پہلگام دہشت گردانہ حملے کا ایک تیز اور فیصلہ کن جواب تھا۔

ملک ہی میں تیار کئے گئے ساز و سامان نے ، آپریشن سندور کی کامیابی میں اہم رول ادا کیا، جس سے محض فوجی کارروائی کو قومی سلامتی میں بدلنے کی عکاسی ہوتی ہے۔ بھارت، طیارہ بردار INS وِکرانت سے لے کر اونچی پرواز کرنے والے ہلکے لڑاکا ہیلی کاپٹر LCH Prachanda ، تک کو تیار کررہا ہے اور انہیں پورے اعتماد کے ساتھ کام پر لگا رہا ہے۔ دفاعی مہارت کیلئے اختراعات iDEX جیسے اقدامات کرکے ہم اپنی فوجوں کو جدید ترین طریقۂ کار کی فراہمی سے اسٹارٹ اَپس اور MSMEs کو بااختیار بنارہے ہیں۔ مزید یہ کہ دفاعی ساز و سامان کی برآمدات میں 2014 سے اب تک ریکارڈ 23 ہزار 622 کروڑ روپے کا اضافہ ہوا ہے، جو 34 گنا ہے۔ پانچ ہزار سے زیادہ قسم کا ساز و سامان اب ، ملک ہی میں تیار کئے گئے ساز و سامان کی فہرست میں ہے اور دفاعی ساز و سامان حاصل کرنے سے متعلق 75 فیصد بجٹ گھریلو مصنوعات کی تیاری کیلئے مخصوص ہے۔ یہ بجٹ 2025-26 کیلئے ہے۔ سرحدوں سے لے کر کارخانوں تک ، میدانِ جنگ سے لے کر بورڈ Rooms تک، بھارت ایک نئے دَور کی تشکیل کررہا ہے، جہاں سلامتی ، ہماری طاقت ہے اور خود کفالت ہماری حفاظت ہے۔

## I&B Murugan - 11 Year

اطلاعات و نشریات اور پارلیمانی امور کے وزیرِ مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے آج کہا ہے کہ بھارت میں وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں پچھلے 11 سال کے دوران خاطرخواہ ترقی ہوئی ہے اور اچھی حکمرانی کی گئی ہے۔ وہ پڈوچیری میں ایک کانفرنس سے خطاب کررہے تھے، جس کا انعقاد مودی حکومت کے 11 سال پورے ہونے کے موقع پر کیا گیا تھا۔ وزیرِ موصوف نے کہا کہ ملک نے بدعنوانی اور کمزور انتظامیہ کے دَور سے ہٹ کر ایک شفاف اور عوام پر مرکوز حکمرانی کی طرف رخ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، دنیا کی چوتھی سب سے بڑی معیشت بن گیا ہے اور اب 27 کروڑ عوام ، غریبی کے دائرے سے باہر آچکے ہیں۔ ڈاکٹر ایل مروگن نے مزید کہا کہ حکومت نے خواتین کو بااختیار بنانے، کسانوں کی بہبود اور غریبی کو ختم کرنے کو ترجیح دی ہے۔انہوں نے دفعہ 370 کو ہٹائے جانے کے بعد، جموں و کشمیر میں ترقی ، آپریشن سندور میں ، ملک میں ہی تیار کی گئی دفاعی ٹیکنالوجی کے استعمال اور نکسل سرگرمیوں میں خاطر خواہ کمی کا، مودی حکومت کی بڑی کامیابیوں کے طور پر ذکر کیا۔ x

**J&K - LG Pension**

جموں و کشمیر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کُل مربوط سماجی تحفظ کی اسکیم ISSS کے تحت ، 12 ہزار سے زیادہ متعلقہ افراد کو 6 کروڑ 14 لاکھ روپے کے، پنشن بقایہ جات تقسیم کئے۔ لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ اِس اسکیم کا مقصد معمر شہریوں ، بیواؤں اور معذور افراد کیلئے مالی شمولیت اور اُن کی مدد کی یقین دہانی ہے۔ اِس موقع پر لیفٹنٹ گورنر نے بتایا کہ سماجی بہبود کا محکمہ اہل معمر افراد کو، پنشن مستفیدین میں شامل کرنے کیلئے ایک انقلابی طرز کا App بھی لارہا ہے۔ لیفٹنٹ گورنر نے جموں میں اُن لوگوں کیلئے 50 بستروں والے ایک آرام گھر کا بھی افتتاح کیا، جن کا علاج نفسیاتی اور سماجی طور پر بازآبادکاری کیلئے کیا جا رہا ہے۔ لیفٹنٹ گورنر نے Sambat ضلع میں لڑکیوں کیلئے، بچوں کی نگرانی کے ایک ادارے Parisha کا بھی افتتاح کیا۔ x

**Navy-Rescue Operation**

بھارتی بحریہ نے کوسٹ گارڈ کے ساتھ قریبی تال میل میں تلاش اور بچاؤ کی کارروائی انجام دیتے ہوئے سنگاپور کے پرچم بردار بحری جہاز MV Wan Hai 503 کے عملے کے 22 اہلکاروں میں سے 18 کو بچالیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اس بحری جہاز کے ایک اندرونی Containar میں دھماکہ ہونے کے بعد اِس میں زبردست آگ لگ گئی تھی۔ بھارتی بحریہ نے بتایا ہے کہ کل صبح ساڑھے نو بجے کے آس پاس اِس واقعے کے بارے میں اطلاع موصول ہوئی۔ بھارتی بحریہ نے ضروری امداد بہم پہنچانے کی خاطر INS سورت اور Dornier طیارے کو فوراً ہی کام پر لگادیا۔x

**IMD-Weather**

بھارتی موسمیات محکمے نے آج ساحلی کرناٹک، کیرالہ، ماہے، اوڈیشہ، رائل سیما، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل نیز شمال مشرقی ریاستوں میں کہیں کہیں شدید بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے نے دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، جموں وکشمیر، لداخ، مدھیہ پردیش، پنجاب، راجستھان اور اترپردیش کے بعض حصوں میں آج شدید گرمی کے حالات رہنے کی پیشگوئی بھی کی ہے۔ اس کے علاوہ بہار، وسطی آندھراپردیش اور گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال میں بھی کہیں کہیں تیز گرمی پڑنے کا امکان ہے۔x

**GRETA - Israel**

غزہ جانے والی ایک کشتی میں سوار 12 مسافروں کو ، جن میں آب و ہوا سے متعلق مہم Greata Thunberg چلانے والے افراد بھی شامل ہیں، جو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر غزہ کیلئے امداد لے جارہے تھے، انہیں اُن کے وطن واپس بھیجنے کیلئے Ben Gurion ہوائی اڈے لایا گیا ہے۔ ان لوگوں کو اسرائیلی فوجوں نے سمندر میں ہی ، اِن کے راستے میں روک لیا تھا۔ اسرائیل کی وزارتِ خارجہ نے بتایا کہ اِن میں سے جو لوگ وطن واپس بھیجنے سے متعلق دستاویزات پر دستخط کرنے اور اسرائیل سے چلے جانے سے انکار کریں گے، انہیں عدالتی حکام کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ اِس کشتی میں سوار لوگوں کا تعلق برازیل ، فرانس ، جرمنی، نیدر لینڈس ، اسپین ، سویڈن اور ترکی سے ہے۔ x

**Football**

فٹبال میں آج ہانگ کانگ کے Kai Tak اسٹیڈیم میں 2027 کے اہم AFC ایشائی کپ کوالیفائر کے آخری دور کے میچ

میں بھارت کا مقابلہ ہانگ کانگ سے ہوگا۔یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے پانچ بجے شروع ہوگا۔گروپ سی کا یہ مقابلہ اہمیت کا حامل ہے کیونکہ چار ٹیموں کے گروپ میں دونوں ٹیمیں چوٹی کی دو ٹیموں میں شامل ہیں۔درجہ بندی میں بھارت 127ویں مقام پر ہے۔ جبکہ ہانگ کانگ کی ٹیم 153ویں پوزیشن پر ہے۔بھارتی ٹیم 16 سال بعد ہانگ کانگ گئی ہے۔ اس سے پہلے 2009 میں دونوں ٹیموں نے ایک دوستانہ میچ میں ایک دوسرے کا سامنا کیاتھا۔×

### Dhoni Hall of Fame

سرکردہ بھارتی وکٹ کیپر، بلے باز اور سابق کپتان ایم ایس دھونی کو پروقار ICC Hall of Fame میں شامل کیاگیاہے۔ اس طرح اُن کے کرکٹ کریئر میں ایک اور شاندار باب وابستہ ہوگیاہے۔ بین الاقوامی کرکٹ کونسل نے اعلان کیاہے کہ ایم ایس دھونی اُن سات کرکٹ کھلاڑیوں میں شامل ہیں جن کی اِس سال عزت افزائی کی گئی ہے۔ اِن میں آسٹریلیا کے Matthew Hayden اور جنوبی افریقہ کے ہاشم آملہ بھی شامل ہیں۔دھونی نے 538 میچوں میں 17 ہزار 266 رن بنائے اور 829 کھلاڑیوں کو آؤٹ کرنے میں اُن کا اہم رول رہا۔ یہ اعدادوشمار صرف عمدہ کارکردگی کی عکاسی ہی نہیں کرتے بلکہ اِس سے غیرمعمولی تسلسل، Fitness اور طویل عرصے تک کھیلنے کا اظہار بھی ہوتا ہے۔×

### Volleyball - Cava Championshiop

Volleyball میں بھارت کی مردوں کی ٹیم 19 سال سے کم عمر کی Volleyball چیمپئن شپ 2025 کے تحت Cava میں اپنے کھیل کا مظاہرہ کرنے کیلئے تیار ہے۔ یہ کھیل مقابلے، ازبکستان کے شہر تاشقند میں آج سے شروع ہوں گے۔

بھارتی ٹیم اپنی مہم آج سے اپنے کھیل کا مظاہرہ ایران کے خلاف میچ کھیل کر شروع کرے گی اور کل بھارت کا مقابلہ کرغستان سے ہوگا۔ 19 سال سے کم عمر کی اس بھارتی ٹیم کی رہنمائی Dragan Mihailovic کریں گے، جو سربیا کے کوچ ہیں۔ وہ مردوں کی سینئرنیشنل ٹیم کے سربراہ بھی ہیں۔ x

### Axiom-4

Axiom-4 مشن کا لانچ خراب موسم کی وجہ سے ایک دن کیلئے ملتوی کردیا گیا ہے۔ اس کے ذریعہ بھارت کے خلاء باز شبھانشو شکلا خلاء میں جائیں گے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اِسرو کے چیئرمین وی نارائنن نے بتایا کہ کل شام ساڑھے پانچ بجے اس مشن کو روانہ کیا جائے گا۔اس تاریخی مشن کے ذریعہ امریکہ، بھارت، پولینڈ اور ہنگری کے چار خلاء باز کرۂ ارض کے نچلے مدار میں 14 دن کے سائنسی مشن کیلئے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن جائیں گے۔ یہ خلاء باز اِسرو کے کئی اہم تحقیقی پروجیکٹوں سمیت 31 ملکوں کے تقریباً 60 سائنسی مطالعات کی روشنی میں کام کریں گے۔شبھانشو شکلا نے Axiom اسپیس کی جانب سے جاری کی گئی ایک ویڈیو میں کہا ہے کہ وہ خود کو انتہائی خوش قسمت سمجھتے ہیں کہ وہ ایک بڑے مشن کا حصہ بن رہے ہیں۔